# اکثر پوچھے گئے سوالات

## NYC Test & Trace Corps پروگرام کا جائزہ

### NYC Test & Trace Corps کیا ہے؟

یہ COVID-19 سے لڑنے کے لیے صحتِ عامہ کا ایک ابتدائی قدم ہے۔ صارفین کے لیے **بلا خرچ** فراہم کردہ وسائل اور افعال کے ذریعے COVID-19 کے پھیلاؤ کو روکنا اور ہمارے شہر کو تحفظ فراہم کرنا NYC Test & Trace Corps کا مقصد ہے۔1 جون، 2020 کو باضابطہ طور پر شروع ہوا NYC Test & Trace Corps ڈاکٹروں، صحتِ عامہ کے پیشہ وران اور کمیونٹی کی پیروی کرنے والوں کا ایک گروہ ہے جو COVID-19 کے خلاف اپنی جنگ جاری رکھے ہوئے ہیں، تاکہ ہم اسکول اور کام پر واپس جا پائیں؛ اور نیویارک شہر کو دوبارہ محفوظ انداز میں کھولا جا سکے۔

شعبہ صحت اور حفضانِ ذہنی صحت (Department of Health and Mental Hygiene) اور شہر کے دیگر اداروں کے ساتھ نزدیکی تعاون میں NYC Health + Hospitals کارپس (Corps) کے کام کی رہنمائی کر رہا ہے۔

### Test & Trace Corps کا مقصد کیا ہے؟

وائرس کے پھیلاؤ کو کم کر کے، اور جن افراد میں COVID-19 کی بیماری کی تصدیق ہو چکی ہے، ان کو محفوظ طور پر علیحدہ کرنے اور ان کے عزیز و اقربا کو تحفظ فراہم کرنے میں مدد فراہم کرنے سے نیویارک کے مکینوں کو محفوظ رکھنا کارپس کا مقصد ہے۔ کارپس کے افعال کے تین اہم حصے ہیں:

#### جانچ کرانا

نیویارک کے مکینوں کے لیے شہر بھر میں جانچ کرانے کے سیکڑوں ٹھور ٹھکانے دستیاب ہیں جہاں پر COVID-19 کی جانچ **مفت**، رازداری سے اور محفوظ طریقے سے کی جاتی ہے۔ کارپس نے ایک دن میں 50,000 ہزار جانچیں کرنے کا اپنا ہدف حاصل کیا ہے۔

#### سراغ لگانا

سراغ لگانے کا مقصد ایسے افراد کی پہچان کرنا ہے جنہیں کسی متاثرہ فرد کے ساتھ قریبی تعلق کے باعث بیماری کا سامنا ہونے کا امکان ہو، نیز اس کا مقصد ایسے اشخاص کو دیگر افراد سے محفوظ طور پر علیحدہ رہنے کے لیے بہتر جگہ فراہم کرنے میں مدد فراہم کرنا ہے۔ جنہیں سراغ لگانے والے کہا جاتا ہے، ان ہزاروں تربیت یافتہ صحتِ عامہ کے پیشہ وران کی معاونت سے یہ سعی COVID-19 کی تصدیق ہونے والے نیویارک کے مکینوں کو معاونت بہم پہنچاتی ہے۔

#### دیکھ بھال فراہم کرنا

سراغ لگانے والے اس بات کی یقین دہانی کرتے ہیں کہ ہر کوئی فرد، جس میں COVID-19 کی تصدیق ہو، اور اس کے قریبی تعلق میں رہے افراد کو کسی مفت کے ہوٹل میں یا اپنے گھروں میں محفوظ انداز میں علیحدہ رہ پانے کے لیے درکار وسائل دستیاب ہوں۔ ہوٹلوں میں 7/24 ماہر نرسوں اور معالجین (clinicians) کی نگرانی، مفت وائرلیس انٹرنیٹ تک رسائی، روزانہ تمام اوقات کے کھانے کی فراہمی، ذہنی صحت اور بہبود کے لیے معاونت تک رسائی، اور اپنے عزیز و اقربا کے ساتھ رابطے میں رہنے کےلیے لامحدود تعداد میں مقامی ٹیلیفون کی کالیں دستیاب ہوں گیں۔ نیویارک کے ایسے مکین جو خود کو اپنے گھروں میں محفوظ انداز میں علیحدہ رکھنا چاہتے ہیں، انہیں کھانے پینے کی اشیاء کے حصول اور ادویات کی سپردگی کرنے میں دیکھ بھال کی ٹیم مدد کرے گی۔



جاری ◄

### اگر مجھے NYC Test & Trace Corps یا COVID-19 کے حوالے سے سوالات پوچھنے ہوں تو میں کس کو کال کروں؟

خود کو اور اپنے عزیز و اقربا کو تحفظ فراہم کرنے کے لیے، COVID-19، جانچ کرانے کے ٹھور ٹھکانوں، سراغ لگانے والوں اور وسائل کے بارے میں سوالات پوچھنے کے لیے (1-212-268-4319) 1-212-COVID19 پر کال کریں۔ آپ کے سوالات کے براہِ راست جوابات دینے کے لیے ہمارے آپریٹر روزانہ صبح 9 بجے سے رات کے 9 بجے تک دستیاب ہوتے ہیں۔

### NYC Test & Trace Corps نجی معلومات کی رازداری اور حفاظت کی یقین دہانی کس طرح کرتے ہیں؟

NYC Test & Trace Corps نے وفاقی، ریاستی اور مقامی قوانین کی ضروریات کے مطابق اور NYC Health + Hospitals اور شہر کے محکمہ صحت (City Health Department) کی ایسی ملومات کو محفوظ رکھنے کے دیرینہ تجربے کے عین مطابق نیویارک کے مکینوں کی صحت کے بارے میں نجی معلومات کو رازداری میں اور محفوظ طور پر رکھنے کا عزم کر رکھا ہے۔ NYC Test & Trace Corps کو سراغ لگانے والوں کے ذریعے جو معلومات ملتیں ہیں، انہیں New York City Health Code (نیو یارک شہر کا ضابطہء صحت) کے تحت رازداری میں رکھا جاتا ہے اور تحفظ فراہم کیا جاتا ہے۔

NYC Test & Trace Corps کسی بھی فرد کی ملک میں موجودگی کی کیفیت کے بارے میں نہیں پوچھیں گے۔ کارپس کی ڈیٹابیس (database) کو قانون نافذ کرنے والے کسی بھی ادارے کی ڈیٹابیس کے ساتھ منسلک نہیں کیا جائے گا۔ NYC Test & Trace Corps جو بھی معلومات حاصل کریں گے، ان کو محفوظ طریقے سے ذخیرہ کیا جائے گا اور ان کو صرف صحتِ عامہ کو تحفظ فراہم کرنے کے محدود مقصد کے لیے مجاز عملے کے ذریعے ہی استعمال کیا جائے گا۔

### Test & Trace Corps کی خدمات کی وصولی کے باعث، کیا امیگریشن کے قوانین کے تحت، کسی کو "پبلک چارج" تصور کیا جائے گا؟

جی نہیں۔ جانچ کروانے، سراغ لگانے والے سے بات کرنے یا پھر محفوظ انداز میں علیحدہ رہنے کے لیے Take Care Hotel (ٹیک کئیر ہوٹل) کا استعمال کرنے سے مستقل رہائش (گرین کارڈ) کے لیے آپ کی درخواست کی اہلیت پر کوئی اثر نہیں پڑے گا۔ اس کے علاوہ، COVID-19 سے متعلق طبی علاج معالجے یا پھر بچاؤ کی خدمات استعمال کرنے کو بھی پبلک چارج ضابطہ کے تحت **نہیں** سمجھا جائے گا۔

### نیویارک کے مکینوں، بلخصوص ایسی بستیوں کے افراد جو وائرس سے بہت زیادہ متاثر ہیں، ان کی مختلف طرح کی ضروریات کو سمجھنے کے سلسلے میں NYC Test & Trace Corps کیا کر رہے ہیں؟

جس کی خدمات کارپس انجام دے رہے ہیں، اس گوناگوں شہر کی عکاسی کارپس کی سعی میں بھی ہو، اسے یقینی صورت دینے کے لیے کارپس کام کر رہے ہیں۔ مؤثر، ثقافتی صورت میں اثر پذیر اور COVID-19 کی وبا سے غیر متناسب شکل میں متاثر ہوئیں بستیوں کی ضروریات پورا کرنے کے کام میں ہماری مدد کرنے کے لیے بستیوں میں موجود گروہ ہمیں مشورے اور معاونت فراہم کرتے ہیں۔ نیز، رابطے کا سراغ لگانے والوں کا تعلق نیویارک شہر کے ایسے علاقوں سے ہے جو COVID-19 سے بہت زیادہ متاثر ہیں۔

اس کے علاوہ نیویارک کے مکینوں کو ان کے گھروں میں محفوظ انداز میں علیحدہ رہنے کے وقت کھانے پینے یا ادویات تک رسائی جیسی روزمرہ کی چیزوں کے حصول میں درپیش دشواری کا قلع قمع کرنے میں معاونت کے لیے NYC Test & Trace Corps نے شہر بھرمیں بستیوں میں کام کرنے والی درجنوں تنظیموں کے ساتھ اشتراک سے وسائل کے تلاش دان (Resource Navigators) بھی فراہم کئے ہیں۔

## جانچ کروائیں

### جانچ کون کروا سکتا ہے؟

نیویارک کے تمام مکین COVID-19 کی تشخیص کی جانچ اور اینٹی باڈیز کی جانچ **مفت** میں کروا سکتے ہیں۔ نیویارک کے تمام مکینوں کو چاہیے کہ وہ COVID-19 کی تشخیص والی ٹیسٹ کروا لیں، چاہے ان میں علامات نہ بھی ہوں۔

### نیویارک کے مکین کہاں سے جانچ کروا سکتے ہیں؟

NYC Health + Hospitals کے 30 سے زائد ٹھور ٹھکانوں، CityMD کے کلینکوں، NYCHA کی رہائشوں کے قریب، پارکوں اور تفریحی مراکز اور موبائل ٹیسٹنگ وینز (mobile testing vans) کے ذریعوں کے سمیت شہر بھر میں جانچ کروانے کے سیکڑوں ٹھور ٹھکانے موجود ہیں۔ اپنے قریب موجود جانچ کروانے کے ٹھور ٹھکانے کو تلاش کرنے کے لیے nyc.gov/covidtest پر جائیں یا (1-212-268-4319) 1-212-COVID19 پر کال کریں۔

### کیا لوگوں کو ایک سے زیادہ مرتبہ بھی جانچ کروانی چاہیے؟

دوبارہ جانچ کے بارے میں ایسی صورت میں غور کرنا چاہئے جب آپ کی پہلے کی ہوئی جانچ کا نتیجہ منفی آیا ہو اور:

- آپ میں اب COVID-19 کی علامات ہیں، مثلاً سانس لینے میں دقت، کھانسی، بخار، گلے میں خراش یا پھر سونگھنے اور ذائقے کی حسوں کا زیاں
- آپ نے لوگوں کے ایک بڑے ہجوم میں وقت گزارا ہو
- آپ کا کسی ایسے فرد کے ساتھ رابطہ رہا کہ جس کے بارے میں آپ سمجھتے ہیں کہ ہو سکتا ہے اسے COVID-19 ہوا ہو
- آپ نرسنگ ہوم یا جائے پناہ جیسے اجتماعی ماحول میں رہائش پذیر ہیں یا وہاں پر کام کرتے ہیں
- آپ کسی ایسے شخص سے ملنے جا رہے ہیں کہ جسے شدید بیماری لگنے کا بہت زیادہ خطرہ ہے (مثال کے طور پر آپ اپنے کسی ایسے عزیز سے ملنے جا رہے ہیں کہ جس کی عمر 65 برس سے زیادہ ہے یا کوئی ایسا شخص جسے سرطان وغیرہ جیسی ایسی بیماری ہے کہ جس کے باعث اسے زیادہ خطرہ ہے۔)

### کیا مجھے جانچ کروانے کے لیے ادائیگی کرنی ہوگی؟

جی نہیں، جانچ کروانے کے کئی ٹھور ٹھکانوں پر COVID-19 کے لیے ٹیسٹ بالکل **مفت** میں کئے جاتے ہیں۔ NYC Health + Hospitals کے ٹھور ٹھکانوں پر آپ کو COVID-19 کی مفت ٹیسٹ یا پھر اینٹی باڈی کی مفت ٹیسٹ کروانے کے لیے بیمے کی ضرورت نہیں ہے۔ اگر آپ کے پاس بیمہ ہے تو یہ بہت ضروری ہے کہ آپ اپنے بیمے کی معلومات فراہم کریں تاکہ بیمہ دینے والوں سے بل وصول کیا جائے۔ تاہم، آپ کو مشترکہ ادائیگی (co-pay) یا مشترکہ انشورنس (co-insurance) کی ادائیگی کرنے کی ضرورت نہیں ہے۔

### مجھے اپنے ٹیسٹ کے نتائج کب اور کیسے وصول ہوں گے؟

آپ کی ٹیسٹ کے نتائج 3 سے 5 روز میں دستیاب ہوں گے۔ جب تک آپ کی جانچ کے نتائج نہیں آتے ہیں، اگر آپ COVID-19 کی علامات محسوس کرتے ہیں یا آپ کا خیال ہے کہ آپ COVID-19 کے سامنے پڑے ہیں، تو یہ بہت ضروری ہے کہ آپ گھر پر یا ہوٹل میں خود کو محفوظ طور پر علیحدہ کر لیں۔

## سراغ لگانا

### سراغ لگانا کیا ہے؟

سراغ لگانا، جس کو رابطے کا سراغ لگانا بھی کہا جاتا ہے، ایسے افراد کو تلاش کرنے کہ جن میں ٹیسٹ کے نتائج مثبت آئے ہیں یا جن کا COVID-19 سے سامنا ہوا ہو اور، جب تک ان کے اندر وائرس پھیلانے کی صلاحیت ختم نہیں ہو جاتی، تب تک ایسے افراد کو دیگر افراد سے محفوظ انداز میں علیحدہ رہنے کے لیے کہنے پر مشتمل افعال ہیں۔

### رابطے کا سراغ لگانے والے کا کیا کردار ہے؟

رابطے کا سراغ لگانے والے ان افراد کو کال کرتے ہیں کہ جن میں ٹیسٹ کے نتائج مثبت آئے ہیں یا جن کا COVID-19 سے سامنا ہوا ہے۔ رابطے کا سراغ لگانے والا:

- پوچھے گا کہ آپ کیسا محسوس کر رہے/رہی ہیں
- وہ آپ سے پوچھے گا کہ آیا آپ کو صحت مند رہنے اور COVID-19 کے پھیلاؤ کو روکنے کے سلسلے میں خدمات اور معاونت کی ضرورت ہے یا نہیں
- وہ اس بات کی وضاحت کرے گا کہ آپ کو کتنا عرصہ گھر کے اندر رہنے اور دوسرے لوگوں سے دور رہنے کی ضرورت ہے
- اگر آپ کا نتیجہ مثبت آیا ہے تو وہ یہ سمجھنے کے لیے سوالات پوچھے گا کہ آپ کس طرح متاثر ہوئے
- اگر آپ کا نتیجہ مثبت آیا ہے تو جس وقت کے دوران آپ دیگر افراد میں بھی وائرس کے پھیلاؤ کا باعث بن سکتے تھے، اس وقت کے دوران آپ سے قریبی تعلق میں رہے افراد کے نام اور رابطے کی معلومات پوچھے گا

جاری ◄

رابطے کا سراغ لگانے والے آپ کی خیریت معلوم کرنے کے لیے آپ کے پاس بہ ذاتِ خود بھی آ سکتے ہیں۔ یہ ثابت کرنے کے لیے کہ وہ رابطے کا سراغ لگانے والے ہی ہیں، وہ آپ کو اپنی شناخت دکھائیں گے۔

## NYC Test & Trace Corps لوگوں کی معلومات کس طرح حاصل کرتے ہیں؟

اگر آپ میں COVID-19 کی تشخیص ہو چکی ہے تو NYC Test & Trace Corps کو آپ کے بارے میں معلومات NYC Health Department سے ملی ہیں۔ نیویارک ریاست کا قانون اور نیویارک شہر کا ضابطہء صحت لیبارٹریوں کو اس بات کا پابند بناتا ہے کہ وہ ٹیسٹ کے مثبت نتائج NYC Health Department کو بھیجے۔ رازداری کے قوانین کے تحت NYC Health Department محفوظ انداز میں یہ معلومات NYC Test & Trace Corps کو بھیجتا ہے، تاکہ اس طرح کی معلومات کو استعمال کرتے ہوئے صحتِ عامہ کو تحفظ فراہم کیا جائے اور بیماری کے پھیلاؤ کو روکا جائے۔

اگر آپ کا سامنا COVID-19 سے ہوا ہے تو NYC Test & Trace Corps کو آپ کے بارے میں معلومات اس وجہ سے حاصل ہوئیں کیوں کہ COVID-19 سے متاثرہ کسی فرد نے رابطہ کے سراغ لگانے والے کو یہ بتایا کہ آپ ان کے ساتھ قریبی تعلق میں رہ چکے ہیں۔ آپ کا رابطے کا سراغ لگانے والا آپ کو یہ نہیں بتا سکتا ہے کہ انہیں کس نے بتایا ہے کہ آپ اس کے ساتھ قریبی تعلق میں رہے ہیں۔

## نیویارک کے مکینوں کو یہ پتہ کیسے چلے گا کہ جو شخص کال کر رہا ہے وہ NYC Test & Trace Corps کا رابطے کا سراغ لگانے والا ہے؟

NYC Test & Trace Corps سے تعلق رکھنے والے رابطہ کے سراغ لگانے والے ان تمام افراد سے رابطہ کرنے کے لیے کام کر رہے ہیں کہ جن میں COVID-19 وائرس کی ٹیسٹ کا نتیجہ مثبت آیا ہے یا COVID-19 پیدا کرنے والے وائرس سے جن کا سامنا ہوا ہے۔ اگر آپ کو مندرجہ ذیل سے فون آئے، تو براہِ مہربانی جواب دیں:

+ NYC Test+Trace
+ 212-540-XXXX یا 212-242-XXXX جیسے شروع ہونے والے ٹیلیفون نمبر سے

رابطہ کے سراغ لگانے والا **کبھی بھی**:

+ آپ سے آپ کا نام نہیں پوچھے گا- جب وہ آپ کو کال کرے گا تو اسے آپ کا نام معلوم ہے
+ سوشل سیکورٹی کا نمبر نہیں پوچھے گا
+ آپ کی نجی مالیاتی معلومات نہیں پوچھے گا
+ کریڈٹ کارڈ کے بارے میں معلومات نہیں پوچھے گا
+ آپ کے موبائل، ٹیبلٹ، یا کمپیوٹر کو اپنے تسلط میں لینے کی بات نہیں کرے گا اور نہ ہی آپ کو اس پر کوئی سافٹ وئیر ڈاؤن لوڈ کرنے کو کہے گا

رابطے کا سراغ لگانے والا آپ کے گھر بھی آ سکتا ہے، خاص طور پر ایسی صورت میں جب وہ آپ سے فون کے ذریعے رابطہ کرنے میں ناکام رہے۔ یہ ثابت کرنے کے لیے کہ وہ رابطے کا سراغ لگانے والا ہی ہے، وہ آپ کو اپنی شناخت دکھائے گا۔

## جن میں COVID-19 کے ٹیسٹ کا نتیجہ مثبت آیا ہو ایسے افراد کے ساتھ "قریبی تعلق" سے کیا مراد ہے؟

قریبی تعلق کی تعریف مندجہ ذیل ہے:

+ کسی ایسے فرد کے ساتھ رہائش جس میں COVID-19 کی ٹیسٹ کا نتیجہ مثبت آیا ہے
+ کسی ایسے فرد کے ساتھ بوسہ و کنار یا پھر جنسی فعل جس میں COVID-19 کا نتیجہ مثبت آیا ہے
+ کسی ایسے فرد کو اس کے گھر میں دیکھ بھال فراہم کرنے کا عمل جس میں COVID-19 کا نتیجہ مثبت آیا ہے
+ کسی ایسے فرد کے ساتھ 10 منٹ یا اس سے زیادہ وقت کے لیے چھ فٹ سے کم فاصلے پر بسیرا جس میں COVID-19 کا نتیجہ مثبت آیا ہے

جاری ◄

## اپنا خیال رکھنا

### گھر میں علیحدگی کے دوران نیویارک کے مکینوں کو کس قسم کی معاونت فراہم کی جائے گی؟

نیویارک کے ایسے تمام مکین جنہوں نے اپنے آپ کو محفوظ انداز میں اپنے گھروں میں علیحدہ کر رکھا ہے اور اپنی صحت کی نگرانی کر رہے ہیں، ان کی خبر گیری کے لیے انہیں رابطے کا سراغ لگانے والوں کی جانب سے روزانہ کالیں آئیں گیں یا انہیں متنی پیغامات بھیجے جائیں گے، اور ان کی خیریت معلوم کرنے کے لیے رابطے کا سراغ لگانے والے ان کے گھر بھی آ سکتے ہیں۔ NYC Test & Trace Corps کھانے پینے کی چیزوں اور ادویات تک رسائی بھی فراہم کریں گے۔

### اگر نیویارک کے مکینوں میں COVID-19 کی ٹیسٹ کا نتیجہ مثبت آیا ہے تو وہ خود کو محفوظ انداز میں علیحدہ کرنے کے لیے ہوٹل کے مفت کمرے تک رسائی کس طرح حاصل کر سکتے ہیں؟

جب آپ کے پاس اپنے عزیز و اقربا سے محفوظ انداز میں علیحدہ رہنے کے لیے کوئی جگہ نہ ہو، ایسی صورت میں آپ 14 دن تک ایک ہوٹل میں مفت قیام کرنے کے اہل ہو سکتے ہیں۔ مزید معلومات کے لیے 1-212-COVID19 (1-212-268-4319) پر کال کریں۔

### ہوٹل میں کون سی خدمات دستیاب ہیں؟

جو ہوٹل میں محفوظ طور پر علیحدہ رہنے کا انتخاب کرتے ہیں، نیو یارک کے ان مکینوں کو ہوٹل میں آنے اور ہوٹل سے واپس جانے کے وقت مفت ٹرانسپورٹ تک رسائی حاصل ہو گی؛ نیز انہیں 7/24 ماہر نرسوں اور معالجین کی معاونت، مفت کھانا، ذہنی صحت اور بہبود کی خدمات تک رسائی، وائر لیس انٹرنیٹ تک رسائی، کیبل ٹیلی وژن، ایئر کنڈیشنگ اور اپنے عزیز و اقربا کے ساتھ رابطے میں رہنے کے لیے لامحدود تعداد میں مقامی فون کالیں دستیاب ہوں گیں۔ Take Care Hotels (ٹیک کئیر ہوٹلوں) کے ٹھور ٹھکانوں پر بھی COVID-19 کی جانچیں دستیاب ہیں۔

### فراہم کنندگان مریضوں کو ہوٹل میں کس طرح ریفر کر سکتے ہیں؟

کسی مریض کو ہوٹل کے کمرے میں ریفر کرنے کے لیے شہر بھر میں موجود کوئی بھی ڈاکٹر، نرس یا پھر معاون ڈاکٹر CommCareCP@nychhc.org پر ای میل بھیج سکتا/سکتی ہے۔ اگر آپ کے پاس ڈاکٹر نہیں ہے تو آپ NYC Test & Trace Hotline (فوری لائن) 1-212-COVID19 (1-212-268-4319) پر کال کر کے کسی ایسے فرد سے بات کر سکتے ہیں جو کمرہ مخصوص کرنے میں آپ کی مدد کر سکتا/سکتی ہے۔

**NYC Test & Trace Corps کے بارے میں مزید معلومات کے لیے**
**1-212-COVID19 (1-212-268-4319) پر کال کریں یا testandtrace.nyc پر جائیں۔**